# حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کی زیرِ صدارت
# آل پارٹیز کانفرنس کا مشترکہ اعلامیہ
# بھارت کی پاکستان کو جارحانہ دھمکیاں، کشمیر میں شرمناک مظالم

۳۰ ستمبر ۲۰۱۸ بروز اتوار کو اسلام آباد میں دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام آل پارٹیز کانفرنس کا مشترکہ اعلامیہ پیش کیا گیا جس افادہ عام کے لئے پیش کیا جارہا ہے...........(مدیر)

---

بھارت کی پاکستان کو جنگ کی دھمکیاں جنوبی ایشیا کا امن برباد کرنے کی خوفناک سازش ہے پاکستانی قوم بھارتی جارحیت کیخلاف افواج پاکستان کیساتھ اور دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔

☆ بھارتی آرمی چیف آر ایس ایس کے آلہ کار بن کر متنازعہ بیان بازی سے گریز کریں۔ایٹمی پاکستان کو دھمکانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔

☆ بھارتی گیدڑ بھبکیوں اور مسئلہ کشمیر پر سیاسی و عسکری قیادت کا جراتمندانہ موقف لائق تحسین ہے۔ملک بھر کی مذہبی و سیاسی قیادت اور عوام کا ہر طبقہ ان کے موقف کی تائید وحمایت کرتا ہے۔

☆ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں سانحہ اے پی ایس، مستونگ اور سمجھوتہ ایکسپریس میں بھارت کو ملوث قرار دینا حقائق کے عین مطابق ہے۔دہشت گردی کے ان واقعات میں ملوث درندوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کیلئے بین الاقوامی دنیا اپنا کردار ادا کرے۔

☆ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی جزو ہے شان رسالتؐ میں گستاخیوں کے واقعات کی مستقل روک تھام کیلئے

حکومت بین الاقوامی سطح پر تمام انبیا کی شان میں گستاخی کی سزا کا قانون پاس کروانے کیلئے قائدانہ کردار ادا کرے اور سفارتی سطح پر بھرپور مہم چلائی جائے۔

☆ پاکستان میں قادیانیت پروان چڑھانے کی سازشیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ راجہ ظفر الحق رپورٹ منظر عام پر لائی جائے اور اہم عہدوں پر تعینات قادیانیوں کو فی الفور برطرف کیا جائے۔

☆ مولانا سمیع الحق کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی جائے گی جو وزیر اعظم عمران خان اور دیگر وزرا سے ملاقات کر کے گستاخانہ خاکوں سے متعلق عالمی سطح پر قانون سازی کروانے اور عقیدہ ختم نبوت قانون کیخلاف سازشیں ناکام بنانے پر زور دے گی۔وزیر اعظم اس مسئلہ کو اقوام متحدہ میں لیجانے کا وعدہ پورا کریں۔

☆ لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور اور دیگر بڑے شہروں میں آل پارٹیز کانفرنسوں کا انعقاد کیا جائے گا اور ملک میں اتحاد و یکجہتی کا ماحول پیدا کرنے کیلئے علماء کو جمع کر کے بڑے کنونشن منعقد کئے جائیں گے۔

☆ کشمیر میں کیمیائی ہتھیاروں کا استعمال انسانیت کیخلاف سنگین جرم ہے بھارتی دہشت گردانہ واقعات کی بین الاقوامی جنگی ٹریبونل کے ذریعہ تحقیقات کروائی جائیں اور انڈیا کو دہشت گرد ملک قرار دیا جائے۔

☆ مقبوضہ کشمیر میں ڈھونگ انتخابات کی کوششیں دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہیں۔ انتخابات رائے شماری کا متبادل نہیں، بین الاقوامی دنیا مظلوم کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کا حق خودارادیت دلوائے۔

☆ اجلاس کے شرکا بھارتی تحقیقاتی ادارے این آئی اے کی طرف سے حریت قائدین کی نظر بندیوں اور گرفتاریوں کی شدید مذمت اور کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ کشمیری و پاکستانی قوم بھارتی آئین کی دفعہ 35اے ختم کرنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

☆ اقوام متحدہ کی کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں سے متعلق رپورٹ حقائق کے عین مطابق ہے سلامتی کونسل کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی ریاستی دہشتگردی بند کروائے۔